سبق:8

غزل

مرزا غالبؔ

تخلیق کار: مرزا غالبؔ کا شمار اُردو کے عظیم ترین شعراء میں ہوتا ہے۔ نام مرزا اسد اللہ خان، مرزا نوشہ لقب، نجم الدولہ، دبیر الملک جیسے شاہی خطابات سے نوازے گئے۔ انھوں نے پہلے اسدؔ پھر غالبؔ تخلص اختیار کیا۔ 1796ء کو آگرہ میں پیدا ہوئے۔ بعد میں انھوں نے دہلی کو اپنا مسکن بنایا۔ غالبؔ ایک زندہ دل روشن خیال انسان تھے۔ زندگی ہو یا شاعری انھوں نے اپنا الگ راستہ منتخب کیا۔ انھیں اپنی فارسی دانی اور فارسی شاعری پر ناز تھا لیکن اردو نظم و نثر سے انھیں شہرت نصیب ہوئی۔ نثر میں ان کے خطوط کے مجموعے کافی مشہور ہیں۔ اور ان کا اُردو دیوان بے حد مقبول ہے۔ مرزا غالبؔ کے کلام میں جدت، شوخی، ظرافت، اور فلسفیانہ رنگ ملتا ہے۔ 1869ء کو دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔

ابنِ مریم، ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

بات پر واں زبان کٹتی ہے
وہ کہیں اور سنا کرے کوئی

چال جیسے کڑی کمان کا تیر
دل میں ایسے کہ جا کرے کوئی

بک رہا ہوں جنون میں کیا کیا کچھ
کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

نہ سنو، گر برا کہے کوئی
نہ کہو، گر برا کرے کوئی

روک لو گر غلط چلے کوئی
بخش دو گر خطا کرے کوئی

کون ہے جو نہیں ہے حاجت مند
کس کی حاجت روا کرے کوئی

کیا کِیا خضر نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی

جب توقع ہی اٹھ گئی غالبؔ
کیوں کسی سے گلا کرے کوئی

فرہنگ:

I (الف) الفاظ و معانی:

ابنِ مریم = بی بی مریم کے بیٹے ،حضرت عیسیٰؑ جو ایک پیغمبر تھے۔

جنون = (ا۔مذ) دیوانگی

حاجت مند= (ا۔مذ) محتاج،ضرورت والا

حاجت روا= ضرورت پوری کرنے والا، کنایتاً خدا

خضرؑ = (ا۔مذ) مشہور پیغمبر حضرت خضر علیہ السلام،جن کی نسبت مشہور ہے کہ انھوں نے آبِ حیات پیا ہے اور وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ رہنما،رہبر۔ سبز ہونا۔

بخش دینا = معاف کرنا۔درگذر کرنا

خطا = (ا۔مث) قصور، گناہ، غلطی

توقع = (ا۔مث) امید

گلا = (ا۔مذ) شکایت (اصل لفظ گلہ ہے۔لیکن یہ لفظ ’’دوا‘‘ ’’ہوا‘‘ کے قافیوں کے ساتھ آیا ہے اس لیے قافیے کی ضرورت سے ’گلا‘ لکھا جائے گا۔)

II (الف) درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے۔

۱) ابنِ مریم سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

۲) مرزا غالبؔ کے مطابق، انسان کو کب روکنا چاہیے؟

۳) کسی سے خطا ہو جائے تو کیا کرنا چاہیے؟

(ب) دو تین جملوں میں جواب دیجیے

۴) شاعر کسی سے کیوں گلا کرنا نہیں چاہتا؟

۵) مرزا غالبؔ نے اس غزل میں کیا کیا نصیحتیں کی ہیں؟

۶) ''بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ'' سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

۷) مرزا غالبؔ کا کونسا شعر آپ کو اچھا لگا اور کیوں؟ وضاحت کیجیے۔

(ج) ''کنیت'' اس نام کو کہتے ہیں جو ماں، باپ، یا بیٹی کے تعلق سے مشہور ہو جائے۔ جیسے

۱) ابنِ مریم ۲) امّ کلثوم ۳) ابو حنیفہ

III (الف) درج ذیل اسماء سے پہلے کنیت لگا کر خالی جگھوں کو پر کیجیے۔

۱) ابن آدمؑ	۴) ام حبیبہ	۷) ابو جہل
۲) ابن بطوطہ	۵) ام سلمیٰ	۸) ابو بکر
۳) ابن علی	۶) ام ہانی	۹) ابو لہب

(ب) ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

دوا، خطا، رہنما، توقع، گلا

قواعد و بلاغت

چال جیسے کڑی کمان کا تیر
دل میں ایسے کہ جا کرے کوئی

اس شعر میں محبوب کی مستانی چال کو کڑی کمان جیسا بتایا گیا ہے۔ کسی دو الگ چیزوں کو ان کی مشترک صفت کی بنا پر ایک دوسرے کی مثال دی جاتی ہے تو اسے تشبیہ کہتے ہیں۔ تشبیہ کے لیے جیسا، ایسا، جیسے، ایسے، مانند، طرح حروفِ تشبیہ استعمال کیے جاتے ہیں۔

Scanned with CamScanner